# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON INTERIOR ON THE CRIMINAL LAW (AMENDMENT) BILL, 2021 (MOVED BY MOULANA ABDUL AKBER CHITRALI, MNA)

I, Chairman of the Standing Committee on Interior have the honor to present this report on the Bill further to amend the Pakistan Penal Code (Act XLV of 1860) and the Code of Criminal Procedure 1898 (Act V of 1898) [The Criminal Law (Amendment) Bill, 2021 (Section 298 A)] (Private Member's Bill), referred to the Committee on 20th October, 2020.

2. The Committee comprises the following:

| | | |
|---|---|---|
| 1) | **Raja Khurram Shahzad Nawaz** | **Chairman** |
| 2) | Mr. Sher Akbar Khan | Member |
| 3) | Mehar Ghulam Muhammad Lali | Member |
| 4) | Mr. Raza Nasrullah | Member |
| 5) | Khawaja Sheraz Mehmood | Member |
| 6) | Mr. Rahat Aman Ullah Bhatti | Member |
| 7) | Malik Karamat Ali Khokhar | Member |
| 8) | Sardar Talib Hassan Nakai | Member |
| 9) | Ms. Nafeesa Inayatullah Khan Khattak | Member |
| 10) | Mr. Muhammad Akhtar Mengal | Member |
| 11) | Nawabzada Shazain Bugti | Member |
| 12) | Malik Sohail Khan | Member |
| 13) | Rana Shamim Ahmed Khan | Member |
| 14) | Mr. Mohammad Pervaiz Malik | Member |
| 15) | Mr. Nadeem Abbas | Member |
| 16) | Ms. Maryam Aurangzaib | Member |
| 17) | Syed Agha Rafiullah | Member |
| 18) | Nawab Muhammad Yousuf Talpur | Member |
| 19) | Mr. Abdul Qadir Patel | Member |
| 20) | Mr. Asmatullah | Member |
| 21) | Sheikh Rashid Ahmed<br>Minister for Interior | Ex-officio Member |

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly placed at **Annex-A,** in its meetings held on 18-02-2021, 07-04-2021, 27-05-2021 and 15-07-2021. The Committee unanimously recommends that the Bill as introduced may be passed by the National Assembly.

-Sd-
**(TAHIR HUSSAIN)**
Secretary
*Islamabad, the 4th February, 2022*

-Sd-
**(RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ)**
Chairman
Standing Committee on Interior

**Annex. A**

[AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]

A

# BILL

*further to amend the Pakistan Penal Code and the Code of Criminal Procedure, 1898*

WHEREAS, it is expedient further to amend the Pakistan Penal Code (Act XLV of 1860) and the Code of Criminal Procedure, 1898 (Act V of 1898), for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows: -

1. **Short title and commencement.** - (1) This Act shall be called the Criminal Laws (Amendment) Act, 2021.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment in section 298A, Act XLV of 1860.** - In the Pakistan Penal Code, (Act XLV of 1860), in section 298A, for the words "three years, or with fine, or with both" the words "imprisonment for life which shall not be less than ten years" shall be substituted.

3. **Amendment of Schedule II, Act V of 1898.**- In the Code of Criminal Procedure, 1898 (Act V of 1898), in Schedule II, in the Table, in column 1, against section 298A, -

(a) in column 4, for the word "Ditto" the word "Warrant" shall be substituted;
(b) in column 5, for the word "Ditto" the word "Non-bailable" shall be substituted;
(c) in column 7, for the words "for three years, or fine, or both", the words "which may extend to life imprisonment and shall not be less than ten years", shall be substituted; and
(d) in column 8, for the word "Ditto" the words "Court of Sessions" shall be substituted.

---

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

A few people are involved in blasphemy on internet and social media etc, and they upload such pages and messages covertly. However, due to Capital Punishment in section 298c, the ratio of people involved in blasphemy of Holy Prophet (P.B.U.H)is very low. The fact may be observed that disrespecting to the Companion of Holy Prophet (P.B.U.H) and other sacred personalities not only promotes the terrorism and disruption in the country but it also hurts the people from all walks of life. In Holy Quran, Allah Almighty condemns the disruption by saying mischief is a crime, more than a murder. In section 298-A of Pakistan Penal Code, the punishment against the person who disrespects the wives, family and Companions of Holy Prophet(P.B.U.H), imprisonment of with minimum three years period alongwith a nominal penalty while this is a bailable crime. Due to this simple punishment, the criminals, despite, punishment, commit the same crime again. Hence, due to such simple punishment the people try of their own to punish the criminals which increase the violence.

2. It is responsibility of Parliament to review all factors by which terrorist activities promote and prosper within Pakistan by comprehending this matter with sensitivity and seriousness. Moreover, some crimes mentioned in the list of crimes are very lesser in nature than disrespect

of Ummahat-ul-Momineen, Ahle-Bait, Khulfa-e-Rashideen and Sahaba-e- Kiram but their punishments are more than that mentioned in section 295-A of Pakistan Penal Code, for instance:-

(a) A person who make critic to a religious manifestations and religious leader shall be punished for imprisonment liable to ten years, while punishment for disrespecting of Ummahat-ul-Momineen, Ahle-Bait, Khulfa-e-Rashideen and Sahaba-e-Kiram is tantamount to nil in section 298-A of Pakistan Penal Code;

(b) A person who defames to a citizen shall be punished for imprisonment liable to five years and also fine payable to rupees one hundred thousand under section 500 of Pakistan Penal Code, while the punishment for disrespecting of Ummahat-ul-Momineen, Ahle-Bait, Khulfa-e-Rashideen and Sahaba-e-Kiram is extremely lower in section 298-A.

3. The punishment under section 381 of Pakistan Penal Code is imprisonment for ten years and the minor punishment has been provided for those who defame Ummahat-ul-Momineen, Ahle-Bait, Khulfa-e-Rashideen and Sahaba-e-Kiram as compare to that provided in section 298-A of Pakistan Penal Code. Further, according to Pakistan Penal Code, section 298-A, the person who have been convicted for blasphemy is actually declared a blasphemous in respect of Holy Prophet (P.B.U.H), hence it is necessary to read and consider 298-A with 295-C of PPC. If Parliament is sincere to finish terrorism and sectarianism, then it should play its vital role in this regard Parliament should change the punishment of the culprit who uses derogatory remarks about Ummahat-ul-Momineen, Ahle-Bait, Khulfa-e-Rashideen and Sahaba-e-Kiram with death punishment.

4. The Bill is designed to achieve the aforesaid purposes

Sd-

MOULANA ABDUL AKBAR CHITRALI
Member, National Assembly

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## فوجداری قانون (ترمیمی) بل، ۲۰۲۱ء (پیش کردہ منجانب مولانا عبدالاکبر چترالی، رکن قومی اسمبلی) پر قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کی رپورٹ

میں، چیئرمین، قائمہ کمیٹی برائے داخلہ ۲۰/اکتوبر، ۲۰۲۰ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ مجموعہ تعزیرات پاکستان (ایکٹ نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) اور مجموعہ [illegible] نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [فوجداری [illegible] ۲۹۸/الف) (نجی رکن کا بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی درج ذیل اراکین پر مشتمل ہے:-

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | راجہ خرم شہزاد نواز | چیئرمین |
| ۲۔ | جناب شیر اکبر خان | رکن |
| ۳۔ | مہر غلام محمد لالی | رکن |
| ۴۔ | جناب رضا نصر اللہ | رکن |
| ۵۔ | خواجہ شیراز محمود | رکن |
| ۶۔ | جناب راحت امان اللہ بھٹی | رکن |
| ۷۔ | ملک کرامت علی کھوکھر | رکن |
| ۸۔ | سردار طالب حسن نکئی | رکن |
| ۹۔ | محترمہ نفیسہ عنایت اللہ خان خٹک | رکن |
| ۱۰۔ | جناب محمد اختر مینگل | رکن |
| ۱۱۔ | نوابزادہ شازین بگٹی | رکن |
| ۱۲۔ | ملک سہیل خان | رکن |
| ۱۳۔ | رانا شمیم احمد خان | رکن |
| ۱۴۔ | جناب محمد پرویز ملک | رکن |
| ۱۵۔ | جناب ندیم عباس | رکن |
| ۱۶۔ | محترمہ مریم اورنگزیب | رکن |
| ۱۷۔ | سید آغا رفیع اللہ | رکن |
| ۱۸۔ | نواب محمد یوسف تالپور | رکن |
| ۱۹۔ | جناب عبدالقادر پٹیل | رکن |
| ۲۰۔ | جناب عصمت اللہ | رکن |
| ۲۱۔ | شیخ رشید احمد<br>وزیر برائے داخلہ | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۱۸/فروری، ۲۰۲۱ء، ۷/اپریل، ۲۰۲۱ء، ۲۷/مئی، ۲۰۲۱ء اور ۱۵/جولائی، ۲۰۲۱ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں منسلکہ۔الف پر موجود قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا۔ کمیٹی متفقہ طور پر سفارش کرتی ہے کہ قومی اسمبلی پیش کردہ بل کی منظوری دے۔

دستخط/-
(راجہ خرم شہزاد نواز)
**چیئرمین**
قائمہ کمیٹی برائے داخلہ

دستخط/-
**(طاہر حسین)**
**سیکرٹری**
اسلام آباد، ۴/فروری، ۲۰۲۲ء

منسلکہ۔الف

[ قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

مجموعہ تعزیرات پاکستان اور مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء میں مزید ترمیم کرنے کا

بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء (ایکٹ نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) اور مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) میں مزید ترمیم کی جائے۔

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) ایکٹ ہذا فوجداری قانون (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۱ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء، دفعہ ۲۹۸۔الف میں ترمیم:** مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء (ایکٹ نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) میں، دفعہ ۲۹۸/الف میں، الفاظ "تین سال یا مع جرمانہ یا دونوں سزائیں" کو الفاظ "عمر قید جو دس سال سے کم نہ ہوگی" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۳۔ **ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء، جدول دوم کی ترمیم:** مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) میں، جدول دوم میں، کالم ایں، دفعہ ۲۹۸۔الف کے بالمقابل ،۔

(الف) کالم نمبر ۴ میں، لفظ "ایضاً" کو لفظ "وارنٹ" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

(ب) کالم نمبر ۵ میں، لفظ "ایضاً" کو الفاظ "ناقابل ضمانت" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

(ج) کالم نمبر ۷ میں، الفاظ "تین سال یا مع جرمانہ یا دونوں سزائیں" کو الفاظ "جو عمر قید تک ہو سکتی ہے اور دس سال سے کم نہ ہوگی" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

(د) کالم نمبر ۸ میں، لفظ "ایضاً" کو الفاظ "سیشن عدالت" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

## بیان اغراض و وجوہ

چند ہی لوگ انٹرنیٹ اور سوشل میڈیا وغیرہ پر توہین رسالت کا عمل انجام دیتے ہیں اور وہ پوشیدہ طور پر ایسے صفحات اور پیغامات اپ لوڈ کرتے ہیں۔ تاہم دفعہ ۲۹۸ج میں سزائے موت کی وجہ سے، توہین رسالت میں ملوث لوگوں کی شرح بہت کم ہے۔ اس حقیقت کا مشاہدہ کیا جا سکتا ہے کہ حضرت محمد ﷺ کے صحابہ اور دیگر مقدس ہستیوں کی توہین کرنے سے نہ صرف ملک میں دہشت گردی اور انتشار کو فروغ دیتی ہے بلکہ اس سے تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی دل آزاری ہوتی ہے۔ قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے انتشار کو "فتنہ قتل سے بڑا جرم کہا ہے" مجموعہ تعزیرات پاکستان کی دفعہ ۲۹۸۔الف میں، حضرت محمد ﷺ کی ازواج مطہرات، خاندان اور صحابہ کرامؓ کی توہین کرنے والے کو کم از کم تین سال کی سزائے قید اور معمولی جرمانہ کی سزا دی جائے گی جبکہ یہ جرم قابل ضمانت ہے۔ اس سادہ سی سزا کی وجہ سے مجرم سزا کے باوجود اس جرم کا دوبارہ ارتکاب کرتے ہیں۔ لہٰذا اس سادہ سزا کی وجہ سے لوگ بذات خود مجرموں کو سزا دینے کی کوشش کرتے ہیں جو تشدد میں اضافہ باعث بنتا ہے۔

۲۔ یہ ذمہ داری منتخب پارلیمان کی ہے کہ وہ اس حساس اور سنجیدہ معاملہ کو سمجھتے ہوئے ان تمام چیزوں کا جائزہ لے جس سے مادر وطن پاکستان کے اندر دہشتگردی کو فروغ ملتا ہے۔ مزید برآں، جرائم کی فہرست میں بیان کردہ کچھ جرائم، امہات المؤمنین، اہل بیت، خلفائے راشدین اور صحابہ کرام کی توہین کی نوعیت سے کم کے ہیں مگر ان کی سزائیں مجموعہ تعزیرات پاکستان کی دفعہ ۲۹۵/الف میں بیان کردہ سزاؤں سے زیادہ ہیں، مثال کے طور پر:۔

(الف) ایک فرد جو مذہبی شعائر اور مذہبی رہنما پر تنقید کرتا ہے تو وہ دس سال قید کی سزا کا مستوجب ہوگا جبکہ امہات المؤمنین، اہل بیت، خلفائے راشدین اور صحابہ کرام کی توہین کی سزا مجموعہ تعزیرات پاکستان کی دفعہ ۲۹۸۔الف میں نہ ہونے کے برابر ہے؛

(ب) ایک فرد جو عام آدمی کی ہتک عزت کا مرتکب ہو تو وہ مجموعہ تعزیرات پاکستان کی دفعہ ۵۰۰ کے تحت پانچ سال قید اور ایک لاکھ روپے جرمانے کی سزا کا مستوجب ہو گا، جبکہ امہات المؤمین، اہل بیت، خلفائے راشدین اور صحابہ [illegible] دفعہ ۲۹۸۔الف میں بہت ہی کم رکھی گئی ہے۔

۳۔ مجموعہ تعزیرات پاکستان کی دفعہ ۳۸۱ کے تحت سزا دس سال قید ہے اور مجموعہ تعزیرات پاکستان کی دفعہ ۲۹۸۔الف میں صراحت کردہ سزا کے مقابلے میں امہات المؤمنین، اہل بیت، خلفاء راشدین اور صحابہ کرام کی توہین کرنے والوں کے لئے معمولی سزا کی صراحت کی گئی ہے۔ مزید یہ کہ مجموعہ تعزیرات پاکستان، دفعہ ۲۹۸۔الف کی رو، سے ایسا فرد جس پر توہین رسالت کا جرم ثابت ہو چکا ہو، اسے حقیقی معنوں میں رسول پاک (ﷺ) کی توہین کا مرتکب قرار دیا جاتا ہے۔ لہذا، ۲۹۸۔الف کو پی پی سی کی دفعہ ۲۹۵۔ج کے ساتھ ملا کر پڑھنا اور زیر غور لانا ضروری ہے۔ اگر پارلیمان دہشت گردی اور فرقہ واریت کے خاتمے کے لئے مخلص ہے، تو اسے اس ضمن میں کلیدی کردار ادا کرنا چاہیے۔ پارلیمان کو امہات المؤمنین، اہل بیت، خلفاء راشدین اور صحابہ کرام کے بارے میں توہین آمیز رائے دینے والے مجرم کی سزا کو سزائے موت سے تبدیل کر دینا چاہیے۔

۴۔ بل مذکورہ بالا اغراض کے حصول کے لئے وضع کیا گیا ہے۔

دستخط/۔

**مولانا عبد الاکبر چترالی**

رکن، قومی اسمبلی